© rasailojaraid.com



# تعزیتی اجلاس

ایپکا انفارمیشن یونٹ ایوب ایگریکلچرل فیصل آباد کے تعزیتی اجلاس میں سیکریٹری جناب امجد خاں' نائب صدر سید شہزاد حسین شاہ' سید منور حسین شاہ' پریس سیکریٹری محمد شفیع' نمائندہ اساس چوہدری محمد اسلم' حافظ عبد الحنان انور رکن مجلس عاملہ ایپکا یونٹ نے جامعہ سلفیہ کے اساتذہ مولانا ثناء اللہؒ اور مولانا علی محمد حنیف السلفیؒ کی وفات حسرت آیات پر گہرے حزن و ملال کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔ جامعہ کے ان دونوں اساتذہ (جو بلند پایہ عالم دین اور محقق تھے) کی وفات کو ایک عظیم سانحہ قرار دیا اور کہا کہ جامعہ کے لئے یہ سال عام الحزن ہے۔

مخیر حضرات صدقات و خیرات

دیتے وقت جامعہ سلفیہ کو مد نظر رکھیں۔

© rasailojaraid.com